ایک شخص نے آپ ﷺ سے سفر میں روزے رکھنے کے متعلق پوچھا، تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر چاہو تو روزے رکھو اور اگر چاہو تو روزے نہ رکھو

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا کیا میں سفر میں روزے رکھوں؟ (اور وہ بہت زیادہ روزے رکھتے تھے)، تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا:اگر چاہو تو روزے رکھو اور اگر چاہو تو روزے نہ رکھو

[صحیح] [متفق علیہ]

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا یہ بتا رہی ہیں کہ حمزہ بن عمرو الاسلمیؓ رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ سے یہ پوچھا کہ کیا میں سفر میں روزے رکھوں؟ آپ ﷺ نے انہیں اختیار دیا کہ اگر چاہو تو روزے رکھو اور اگر چاہو تو روزے نہ رکھو یہاں پر روزے سے مراد فرض روزے ہیں اس لیے کہ آپ ﷺ کا فرمان ہے کہ یہ اللہ کی طرف سے رخصت ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حمزہ رضی اللہ عنہ کا یہ سوال فرض روزوں کے بارے میں تھا اس کی دلیل ابو داؤد کی روایت کردہ یہ حدیث ہے کہ حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول ﷺ! میں صاحبِ سواری ہوں، جسے میں استعمال میں لاتا ہوں، کبھی اس پر خود سفر کرتا ہوں،اور کبھی اسے کرایے پر دیتا ہوں اور بسا اوقت (دورانِ سفر) یہ مہینہ یعنی رمضان آجاتا ہے اور میں (روزے رکھنے کی) طاقت رکھتا ہوں... الحدیث اس بات کا بھی احتمال ہے کہ یہ سوال مطلق روزے رکھنے کے بارے میں تھا، چاہے وہ واجب ہو یا نفل، کیوں کہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے: ”اور وہ بہت زیادہ روزے رکھنے والے تھے“ اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ سفر میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے جس نے رخصت کو لے لیا، اس نے درست کیا اور جس نے روزے رکھا اس کے لئے یہ جائز ہے اور اس کے روزے کو واجب کا ادا کرنے والا سمجھا جائے گا

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/4507

لجنة الدعوة الإلكترونية EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية ALNAJAT CHARITY